سوال

(57) فقہاء کے نزدیک اختلاف مطالع جس کی وجہ سے نمایاں فرق رؤیت ہلال الخ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

فقہاء کے نزدیک اختلاف مطالع جس کی وجہ سے نمایاں فرق رؤیت ہلال میں واقع ہوتا ہے، اس کے لیے کتنی مسافت معتبر ہے۔ بعض نے ۴۸ میل۔ بعض نے ۲، میل، بعض نے ۴۸۰ میل کہا ہے۔ معتبر ترین کیا ہے؟ (عبدہ محمد ہاشم مجددی کراچی)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

رویت ہلال کا حلقہ دائرہ کی شکل میں ہوتا ہے۔ اس سے بعض مقامات پر ۴۸ میل میں فرق واقع ہوجاتا ہے۔ اور بعض میں ۲، یا ۴۸۰ میل پر بھی فرق واقع نہیں ہوسکتا۔ اس لیے یہ سب قول اپنے اپنے مقامات پر معتبر ہوگا۔ یہ فقہاء کرام کا اندازہ ہے۔ اس لیے اختلاف مطالع میں اول ترین فاصلہ ہی کو معتبر ترین سمجھا جائے گا۔ ہم فنی نقطہ نظر سے کسی قول پر دوسرے کو ترجیح نہیں دے سکتے۔ روایات حدیث میں نظر آتا ہے کہ عام طور پر اتنے فاصلہ کو جو ایک شتر سوار رات بھر طے کرلیتا تھا۔ ایک مطلع سمجھا جاتا تھا۔ اس لیے اقل ترین مسافت یعنی ۴۸ میل معتبر معلوم ہوتی ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

[فتاویٰ علمائے حدیث](#)

جلد 06 ص 164

محدث فتویٰ